فوری ریلیز کے لیے: 2/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا لانگ آئی لینڈ کی آبی زراعت کی صنعت کی معاونت کی خاطر $4.2 ملین مختص کیے جانے کا اعلان

لانگ آئی لینڈ ایکواکلچر انفراسٹرکچر گرانٹ پروگرام ایوارڈز کے راؤنڈ 2 کے ذریعے 14 پروجیکٹس کے لیے $3 ملین ایوارڈ

گورنر Hochul (ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ لانگ آئی لینڈ کی آبی زراعت کی صنعت کی معاونت کی خاطر، لانگ آئی لینڈ ایکواکلچر انفراسٹرکچر گرانٹ پروگرام (Long Island Aquaculture Infrastructure Grant Program) کے راؤنڈ 2 کے ذریعے 14 چھوٹے کاروباروں کو $3 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ یہ فنڈنگ ان پیداوار کنندگان کو بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے، عملی نظام کو مؤثر و منظم بنانے اور پیداوار میں اضافہ کرنے میں مدد دے گی۔ پروگرام جس نے دو راؤنڈز کے ذریعے نیو یارک کی آبی زراعت کی صنعت کے لیے کُل $4.2 ملین مختص کیے ہیں، ریاست کے بلیو فوڈ ٹرانسفارمیشن (Blue Food Transformation) اقدام کا ایک حصہ ہے، جس کا پہلی بار اعلان گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے 2024 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیا گیا تھا۔ آج کا اعلان سافک کاؤنٹی کے سلسلے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے امریکی محکمۂ زراعت (United States Department of Agriculture, USDA) سے سیکریٹیریل ڈیزاسٹر ڈیزیگنیشن (Secretarial Disaster Designation) کی درخواست کے فوری بعد سامنے آیا ہے، جو حالیہ گزرنے والے موسم سرما کے دوران شدید برفانی حالات کے باعث کاشتکاروں کو ہونے والے سنگین معاشی نقصانات کے بعد کی گئی تھی۔

"ریاست نیو یارک ایک ایسی پھلتی پھولتی، منفرد زراعتی صنعت کا مسکن ہے جس کا سلسلہ آبی کناروں تک پہنچنے پر بھی تھمتا نہیں ہے۔ لانگ آئی لینڈ کی تاریخی سمندری غذائی صنعت کا کوئی ثانی نہیں، جو مقامی فوڈ سپلائی چینز کو تقویت بخشنے، ہماری ریاست کی معیشت کو سہارا دینے اور اس صنعت کے لیے سربلندی اور لگن کی میراث کو قائم و دائم رکھنے میں مدد دیتی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "مجھے اس پروگرام کی حمایت پر فخر ہے جو ہماری آبی زراعت کے کاشت کاروں کو انتہائی ضروری انفراسٹرکچر فراہم کرتا ہے، اور یقینی بناتا ہے کہ وہ آنے والے سالوں میں ترقی کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔"

ریاست نیو یارک میں زراعت کے کمشنر Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) نے کہا، "لانگ آئی لینڈ کی فراواں، تاریخی آبی زراعت کی صنعت، ان چیزوں میں سے ایک ہے کہ جو ہمارے زراعتی منظرنامے کو اس قدر ثمرآور، متنوع اور منفرد بناتی ہیں۔ ہمیں خطے کے تجارت کرنے والے آبی کناروں کے تحفظ کے لیے اپنے اختیار میں موجود ہر ممکن کام کو کرنے پر فخر ہے، اور اس کا آغاز ان پیداوار کنندگان کی معاونت سے ہوتا ہے جو اُس مزیدار سمندری غذا کی تیاری کے لیے انتھک محنت سے کام کرتے ہیں جس کے لیے یہ خطہ مشہور ہے۔ آج ایوارڈ کی گئی فنڈنگ، اِن کاروباروں کو اپنی کارروائیوں میں نمایاں سرمایہ کاریاں کرنے میں مدد دے گی تاکہ وہ ریاست نیو یارک کی بہترین سمندری غذا کو ریاست بھر کے دسترخوانوں تک پہنچانے کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ (Farm and Food Growth Fund) میں موجود اپنے شراکت داروں کی معاونت پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ کے صدر اور CEO Todd M. Erling (ٹوڈ ایم ارلنگ) نے کہا، "انفراسٹرکچر کے پروجیکٹس کی فنڈنگ کے ذریعے، لانگ آئی لینڈ کی آبی زراعت کی صنعت میں پروسیسنگ اور تقسیم کے پہلوؤں کو سہارا دینے کا عمل نیو یارک کی ممتاز سمندری خوراک کے بارے میں آگاہی اور اس کی مارکیٹ تک رسائی میں

مزید اضافہ کرے گا۔ اسے گزشتہ راؤنڈ کے دوران سازوسامان کے لیے فنڈنگ، کثیرالجہتی بلیو فوڈ ٹرانسفارمیشن اقدام اور گورنر کی جانب سے آفت سے ریلیف کے لیے حالیہ درخواست کے ساتھ ملا کر دیکھیں، تو ریاست کے زرعی کاروباری شعبے کا یہ تاریخی لحاظ سے اہم ترین شعبہ وہ تعاون حاصل کرے گا کہ جس کا وہ اپنی نازک مگر پختہ معیشت کے تحفظ اور نمو کے لیے حقدار ہے۔"

لانگ آئی لینڈ ایکواکلچر انفراسٹرکچر گرانٹ پروگرام کا انتظام، ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے لیے، فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ کے توسط سے کیا جاتا ہے۔ آج اعلان کی گئی انفراسٹرکچر گرانٹس لانگ آئی لینڈ میں کام کرنے والے آبی زراعت کے کاروباروں کی معاونت کی خاطر تعمیر، تزئین و آرائش یا عمارتوں، گھاٹوں، سازوسامان کی تنصیب یا پھر مستقل یا عارضی سہولت گاہوں سمیت انفراسٹرکچر کے پروجیکٹس کی فنڈنگ کرتی ہیں۔

ایوارڈ یافتگان کی فہرست درج ذیل کے مطابق ہے:

- WROC, LLC
- Hampton Oyster Company
- Davy Jones Landing
- Oysterponds Shellfish LLC
- Lucky 13 Oysters
- East Hampton Oyster Company
- Scrimshaw Enterprises LLC
- Hart Lobster, Co.
- Thatch Island
- Peconic Gold Oysters Inc.
- North Fork Big Oyster Corp
- Jeffrey M. Kraus
- Dune Fishery LLC
- Cornelius & Little Ram Oyster Company LLC.

پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے ذریعے ایوارڈ کی گئی فنڈنگ جو کہ سازوسامان کی خریداری یا اپ گریڈ کرنے کے لیے مختص تھی، کا اعلان اکتوبر میں نیو سافک میں Hampton Oyster Company میں کمشنر Ball (بال) اور فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ کی جانب سے منعقدہ ایک خصوصی ایونٹ میں کیا گیا تھا۔ پہلے راونڈ میں لانگ آئی لینڈ میں 17 کاروباروں کو $1.2 ملین دیے گئے تھے۔

اپریل کے آغاز میں گورنر Hochul (ہوکل) نے سافک کاؤنٹی کے لیے امریکی محکمۂ زراعت سے سیکریٹریل ڈیزاسٹر ڈیزیگنیشن کی درخواست کی تھی۔ فروری 2026 میں شدید برفباری اور کئی ہفتوں تک جاری رہنے والے انجماد کی سنگین کیفیات کے بعد کاؤنٹی کے آبی کاشتکاروں کے آپریشنز کو مجموعی طور پر تقریباً $2.4 ملین کے پیداواری نقصان کا سامنا ہوا تھا۔ مزید برآں، ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) اور محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کی کمشنر Amanda Lefton (امانڈا لیفٹن) شدید موسم کے سبب پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ لگانے کی خاطر شیل فش کے متعدد پیداوار کنندگان کے پاس بھی گئے تھے۔ آفت کی نامزدگی متاثرہ کاشتکاروں کو USDA کے کم شرح سود والے ہنگامی قرضوں کے لیے درخواست دینے کا موقع دے گی۔

لانگ آئی لینڈ فارم بیورو کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Bill Zalakar (بل زلاکر) نے کہا، "لانگ آئی لینڈ کی آبی زراعت کی صنعت، خطے میں زراعت کے چند تیز ترین نمو پانے والے شعبہ جات میں سے ایک ہے۔ تاہم ان تمام چیلنجز کے ساتھ کہ جو ہمارے کاشتکاروں کو مسلسل متاثر کرتے ہیں، اس گزشتہ موسم سرما میں شدید موسمی کیفیات نے ہمارے آبی زراعت کے کسانوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ہماری آبی زراعت کے فارمز کا دورہ کرنے اور ہمارے

کاشتکاروں کو درپیش تباہی براہ راست ملاحظہ کرنے پر ہم کمشنر Ball (بال) اور کمشنر Lefton (لیفٹن) کو بے حد سراہتے ہیں۔ لانگ آئی لینڈ ایکواکلچر انفراسٹرکچر گرانٹ پروگرام کے ذریعے دستیاب بنائے گئے وسیلہ جات اور ساتھ ہی گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کی جانب سے ہنگامی آفت کے لیے نامزدگی کسانوں کو اپنے آپریشنز بحال کرنے اور طویل مدتی پائیداری میں اضافہ کرنے میں معاونت کے لیے انتہائی اہم مدد فراہم کرے گی۔ یہ کوششیں ہمارے کسانوں کو واپس اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے میں مدد کریں گی اور لانگ آئی لینڈ میں ایک مضبوط تر، مزید مستحکم آبی زراعت کی صنعت کی تعمیر کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔"

ریاست نیو یارک کی سمندری غذا کی صنعت
لانگ آئی لینڈ کی شیل فِش کی آبی کاشتکاری کی صنعت ریاست نیو یارک کے زرعی شعبے اور ساحلی معیشت کے ایک اہم جزو کی عکاسی کرتی ہے، جو زیادہ تر چھوٹے اور خاندانی ملکیت والے آپریشنز پر مشتمل ہے اور جو علاقائی سمندری خوراک کی پیداوار اور روزگار میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ USDA کی حالیہ ترین زراعتی مردم شماری کے مطابق، لانگ آئی لینڈ کے 25 فیصد سے زیادہ فارمز آبی زراعت کی صنعت کا حصہ ہیں، جن میں سے 155 ادارے سافک کاؤنٹی میں اور 15 نساؤ کاؤنٹی میں ہیں۔ کُل ملا کر دونوں کاؤنٹیز نے 2022 میں $14.5 ملین سے زیادہ کی فروخت کی تھی۔

بلیو فوڈ ٹرانسفارمیشن
بلیو فوڈ ٹرانسفارمیشن اقدام کا اعلان گورنر کے 2024 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیا گیا تھا تاکہ مقامی خوراک کے لیے صارفین کی مانگ میں اضافہ اور مقامی خوراک کے نظام کو مضبوط کیا جائے۔ یہ سرمایہ کاریاں گورنر کے اس عزم کو جلا بخشتی ہیں کہ نیو یارک کی زرعی مصنوعات کی طلب میں اضافہ ہو، نیو یارک کی خوراک کی سپلائی چین کو مضبوط بنایا جائے اور یہ یقینی بنایا جائے کہ نیو یارک کے تمام باشندے تازہ، مقامی خوراکوں تک رسائی کے قابل ہوں۔

لانگ آئی لینڈ سی فوڈ کُوزین (Long Island Seafood Cuisine) ٹریل، جس کا اجراء مارچ 2025 میں کیا گیا تھا، اس کے لیے فنڈنگ بھی گورنر کے بلیو فوڈ ٹرانسفارمیشن اقدام کے ذریعے کی جاتی ہے۔ ساؤتھ شور ٹریل، بے شور سے مونٹاک تک وسیع ہے اور حال ہی میں کھولی گئی نارتھ شور ٹریل اوئسٹر بے سے گرین پورٹ تک پھیلی ہوئی ہے۔ ٹریل کا مقصد کاروبار اور سیاحت کو ایسے مقامات تک پہنچانا ہے جہاں مقامی طور پر پالی گئی اور قدرتی ماحول سے پکڑی گئی اور پائیدار طریقے سے افزائش شدہ مچھلیاں اور شیل فش فخریہ پیش اور فروخت کی جاتی ہیں جبکہ لانگ آئی لینڈ کی سمندری غذا کی صنعت کو فروغ بھی دینا ہے۔ سیاحوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ٹریل کی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور ایسے مقامات کے لیے ٹریل کا جائزہ لیں کہ جو لانگ آئی لینڈ کے کاروبار کو بڑھاتے ہوئے اور مقامی ماہی گیری کمیونٹیز کی حمایت کرتے ہوئے یہاں کے پانی میں موجود خزانوں کو سراہنے اور خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے نام رکھتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے لوکل فش کی ویب سائٹ پر سی فوڈ ٹریل کا صفحہ دیکھیں۔

فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ
فارم اینڈ فوڈ گروتھ فنڈ کا مشن کم اور متوسط آمدنی والے افراد، خاندانوں اور کمیونٹیز کے لیے روزگار اور محفوظ و قابل استطاعت رہائش کے مواقع پیدا کرنا، سرمائے تک رسائی کو ممکن بنانا ہے، ان کی خاص توجہ گریٹر ہڈسن ویلی، مغربی کنیکٹیکٹ، مغربی میساچوسٹس، جنوبی ورمونٹ اور مشرقی پنسلوانیا کے حصوں پر مشتمل شمال مشرقی فوڈ شیڈ میں واقع زرعی اور خوراک سے متعلقہ صنعتوں پر ہے، اور اس مقصد کے لیے بذریعہ تکنیکی معاونت کی خدمات، کمیونٹی کی نمو اور سرمائے کے بہاؤ کو بڑھا کر معاشی استحکام کو فروغ دیا جاتا ہے۔

###